**ΕΛΛΗΝΙΚΗ ΔΗΜΟΚΡΑΤΙΑ**

Υπουργείο Μετανάστευσης & Ασύλου

**بروز جمعہ، 2 اکتوبر 2020**

**پریس ریلیز**

## عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ کی تجدید کے لئے تقرری وقت پورٹل ( اپوآئنٹمنٹ پورٹل ) اب کام کر رہا ہے۔

پورٹل، جس کے ذریعے پناہ کے درخواست گزار اپنے عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ کی تجدید کے لئے مقرر کردہ وقت کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں، اب کام کر رہا ہے۔ لہذا، اب سے، کارڈ کی تجدید صرف مقرر کردہ وقت کی بنیاد پر ہو گا۔

درخواست گزار کو چاہیے کہ نیچے دئے گئے لنک میں اپنا کیس نمبر لکھیں:

https://apps.migration.gov.gr/applicant-card-rv/search

ان کو اسی لمحے، وقت، تاریخ اور ادارہ جہاں انہیں اپنے خاندان کےہمراہ تجدید شدہ کارڈ لینے جانا ہے، کے بارے میں معلومات دے دی جائیں گی۔

جیسا کہ پہلے ہی اعلان کیا جا چکا ہے کہ عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ کی پہلے ہی آپ کے کیس نمبر کے آخری عدد کے مطابق توسیع کی جا چکی ہے۔ البتہ، درخواست گزاروں کو ان کے لئے مختص کردہ دفاتر میں جانا ہو گا جن کے بارے میں آپ کو اوپر دئے گئے لنک میں آپ کی پہلے سے مقرر کردہ وقت کے بارے میں معلومات دے دی گئی ہیں۔

بالخصوص:

ا۔ عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ جن کا پناہ کیس نمبر "1" ہندسہ پر ختم ہوتا ہے، کی معیاد کی مدت 6 نومبر، 2020 تک بڑھا دی گئی ہے۔

ب۔ عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ جن کا پناہ کیس نمبر "2" ہندسہ پر ختم ہوتا ہے، کی معیاد کی مدت 13 نومبر 2020 تک بڑھا دی گئی ہے۔

پ۔ عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ جن کا پناہ کیس نمبر "3" ہندسہ پر ختم ہوتا ہے، کی معیاد کی مدت 20 نومبر 2020 تک بڑھا دی گئی ہے۔

ت۔ عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ جن کا پناہ کیس نمبر "4" ہندسہ پر ختمہوتا ہے، کی معیاد کی مدت 27 نومبر 2020 تک بڑھا دی گئی ہے۔

ٹ۔ عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ جن کا پناہ کیس نمبر "5" ہندسہ پر ختم ہوتا ہے، کی معیاد کی مدت 4 دسمبر 2020 تک بڑھا دی گئی ہے۔

ث۔ عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ جن کا پناہ کیس نمبر "6" ہندسہ پر ختم ہوتا ہے، کی معیاد کی مدت 11 دسمبر 2020 تک بڑھا دی گئی ہے۔

ج۔ عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ جن کا پناہ کیس نمبر "7" ہندسہ پر ختم ہوتا ہے، کی معیاد کی مدت 18 دسمبر 2020 تک بڑھا دی گئی ہے۔

چ۔ عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ جن کا پناہ کیس نمبر "8" ہندسہ پر ختم ہوتا ہے، کی معیاد کی مدت 29 دسمبر 2020 تک بڑھا دی گئی ہے۔

ح۔ عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ جن کا پناہ کیس نمبر "9" ہندسہ پر ختم ہوتا ہے، کی معیاد کی مدت 7 جنوری 2021 تک بڑھا دی گئی ہے۔

خ۔ عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ جن کا پناہ کیس نمبر "0" ہندسہ پر ختم ہوتا ہے، کی معیاد کی مدت 14 جنوری 2020 تک بڑھا دی گئی ہے۔

عالمی تحفظ درخواست گزار کارڈ، جن کا اجراء اور تجدید پناہ کے ادارے کا علاقائی دفتر لیسووس کے تحت ہونا ہے، کی معیاد کی مدت 14 جنوری 2021 تک بڑھا دی گئی ہے۔